# چوزی اور ہزارپا

Winny Asara
Magriet Brink
Samrina Sana
Urdu
Level 3

(imageless edition)

چوزی اور ہزارپا دوست تھے۔ لیکن وہ ہمیشہ ایک دوسرے سے مقابلہ کرتے تھے۔ ایک دن اُن دونوں نے فیصلہ کیا کہ اُن کے درمیان ایک فٹ بال کا مقابلہ ہو گا تاکہ پتہ چل سکے کہ کون بہترین کھلاڑی ہے۔

وہ فٹ بال کے میدان میں گئے اور کھیل شروع کیا۔ چوزی بہت تیز تھی۔ لیکن ہزارپا اُس سے بھی تیز تھا۔ چوزی نے گیند کو لات مار کے دور پھینکا، لیکن ہزارپا نے اُس سے بھی زیادہ دور پھینکا۔ چوزی کافی بدمزاج ہونے لگی۔

اُنہوں نے فیصلہ کیا کہ وہ جرمانے کی باری لیں گے۔ پہلی بار میں ہزار پا گول کیپر بنا۔ چوزی نے ایک گول کیا پھر چوزی کی باری تھی کہ وہ گول روکے۔

ہزارپا نے گیند کو لات ماری اور گول کیا۔ ہزارپا نے گیند کو گھومایا اور گول کیا۔ ہزارپا نے گیند سر سے گزارا اور گول کیا۔ ہزارپا نے پانچ گول کیے۔

چوزی غصے میں تھی وہ بری طرح سے ہاری تھی۔ ہزار پا ہنسنا شروع ہو گیا کیونکہ اُس کی دوست نے بہت ہنگامہ کیا تھا۔

چوزی بہت ناراض تھی کہ اُس نے اپنی چونچ کھولی اور
ہزارپا کو نگل گئی۔

جیسے چوزی گھر کی طرف جا رہی تھی وہ ہزار پا کی ماں سے ملی۔ ہزار پا کی ماں نے پوچھا کیا تم نے میرے بچے کو دیکھا ہے؟ چوزی نے کچھ نہیں کہا۔ ہزار پا کی ماں بہت پریشان تھی۔

ہزارپا کی ماں نے ایک چھوٹی سی آواز سنی میری مدد کرو ماں! روتی ہوئی آواز آئی۔ ہزارپا کی ماں نے ادھر اُدھر دیکھا اور غور سے سُنا۔ آواز چوزی کے اندر سے آ رہی تھی۔

ہزار پا کی ماں چلائی، اپنی خاص طاقتیں استعمال کرو میرے بچے۔ ہزار پا بہت تیز بدبو اور گندہ ذائقہ بنا سکتے ہیں۔ چوزی نے بیمار محسوس کیا۔

چوزی نے ڈکار لیا اور تھوکا۔ پھر وہ چھینکی اور کھانسی۔

ہزار پا بہت گندہ تھا!

چوزی تب تک کھانسی جب تک اُس نے ہزارپا کو اپنے پیٹ سے باہر نہ نکال دیا۔ ہزارپا کی ماں اور اُس کا بچہ دونوں ایک درخت پر رینگتے ہوئے چڑھے اور چھپ گئے۔

اُس وقت سے چوزے اور ہزار پا دشمن ہیں۔

# Storybooks Canada

storybookscanada.ca

## چوزی اور ہزار پا

Written by: Winny Asara
Illustrated by: Magriet Brink
Translated by: Samrina Sana

This story originates from the African Storybook (africanstorybook.org) and is brought to you by Storybooks Canada in an effort to provide children's stories in Canada's many languages.

This work is licensed under a Creative Commons
Attribution 3.0 International License.